© rasailojaraid.com



# ''سوانح قائد ملت حضرت مولانا مفتی محمودؒ ''

معروف صاحب قلم عالم دین مولانا عبدالقیوم حقانی نے مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود قدس اللہ سرہ العزیز کے سوانح وخدمات کا ایک خوبصورت مجموعہ پیش کیا ہے جس میں حضرت مفتی صاحبؒ کی علمی وسیاسی خدمات اور مجاہدانہ کارناموں کا بھی دل نشین انداز میں ذکر کیا گیا ہے۔

خوب صورت ٹائٹل اور مضبوط جلد کے ساتھ مزین ۳۳۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہؓ، خالق آباد، نوشہرہ نے شائع کی ہے اور اس کی قیمت ۱۲۰ روپے ہے۔

## مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ پر ''القاسم'' کی خصوصی اشاعت

مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کی شخصیت اور خدمات کے حوالے سے ماہنامہ ''القاسم'' خالق آباد نوشہرہ نے اشاعت خاص کا اہتمام کیا ہے جو برصغیر کے نامور اہل علم کی نگارشات وتاثرات پر مشتمل ہے۔

۵۶۰ صفحات کا یہ مجموعہ عمدہ طباعت، مضبوط جلد اور خوب صورت ٹائٹل کے ساتھ مزین ہے اور اس پر قیمت درج نہیں۔

## ''قبر کی زندگی''

مولانا نور محمد تونسوی قادری نے قبر کی زندگی اور برزخ کے حالات کے بارے میں اہل السنۃ والجماعۃ بالخصوص علماء دیوبند کے اس موقف کی دلائل کے ساتھ وضاحت کی ہے کہ قبر کا عذاب اور مرنے کے بعد عالم برزخ میں میت کے ساتھ روح کا تعلق ثابت ہے اور حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوات والتسلیمات کی حیات برزخی اس حوالے سے سب سے اعلیٰ وارفع ہے۔ مناظرانہ انداز کی یہ تحقیقی کتاب اس موضوع سے دل چسپی رکھنے والے حضرات کے لیے گراں قدر تحفہ کی حیثیت رکھتی ہے۔

ساڑھے چھ سو کے لگ بھگ صفحات کی یہ مجلد کتاب انجمن خدام الاسلام باغبان پورہ لاہور نے شائع کی ہے



© rasailojaraid.com